SAEEDA WAJAHAT FOUNDATION

# SWF

# سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن

## اَلحَمدُ لِلّٰه

سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن گزشتہ 5 سال سے صحت، تکنیکی تعلیم اور کھیلوں کے شعبے میں کام کر رہا ہے ہمارا اولین مقصد رنگ ونسل، زبان، فرقہ یا سیاسی وابستگی کے امتیاز کے بغیر ضرورت مند لوگوں کی خدمت کرنا ہے۔ اپنے اس مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن اپنے علاقے کا واحد ادارہ ہے جہاں پر ہر خاص و عام کو ایک ہی معیار کے مطابق سہولیات مہیا کی جاتی ہیں۔

سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن کے زیر انتظام اس وقت درج ذیل شعبہ جات اپنی خدمات فراہم کر رہے ہیں

- سعیدہ وجاہت کلینک
- سعیدہ وجاہت اکیڈمی
- سعیدہ وجاہت سپورٹس کلب
- سعیدہ وجاہت واٹر پراجیکٹ

## Praise be to Allah

Since 2005, the Saeeda Wajahat Foundation has worked in the fields of health, technical education, and athletics. Our primary objective is to serve those in need regardless of race, caste, religion, or political affiliation. With this objective in mind, the Saeeda Wajahat Foundation is the only organization in its region to provide wealthy and poor with facilities of equal quality.

The following departments are currently providing their services under the management of the Saeeda Wajahat Foundation:

- Saeeda Wajahat Clinic
- Saeeda Wajahat Academy
- Saeeda Wajahat Sports Club, and
- Saeeda Wajahat Water Project



# سعیدہ وجاہت کلینک

سعیدہ وجاہت کلینک اپنی نوعیت کا واحد ادارہ ہے جہاں ہر خاص و عام کو ایک ہی معیار کے مطابق کوالیفائڈ ایم بی بی ایس ڈاکٹرز کی زیر نگرانی تمام میڈیکل سہولیات بلکل مفت دی جاتی ہیں ۔ اس ادارے میں جنرل فیزیشن ،گائنی اینڈ اوبز ،الٹراساوئنڈ اور میڈیکل لیب جیسی تمام سہولیات بلکل مفت دی جاتی ہیں ۔ الحمدللہ ہر ماہ تقریباً 7000 سے زائد مریض یہاں سے مستفید ہوتے ہیں۔

| | 2020 | 2021 | 2022 | |
|---|---|---|---|---|
| General Patients | 34,282 | 33,981 | 54,782 | جنرل مریض |
| Gynecology | 2,640 | 2,448 | 12,942 | گائنی |
| Diabetes | 7,242 | 12,356 | 11,540 | ذیابطیس |
| Ultrasound | 1,248 | 1,440 | 1,248 | الٹراسائونڈ |
| Medical test | 2,478 | 6,820 | 5,127 | میڈیکل ٹیسٹ |
| | **47,890** | **57,045** | **85,639** | ٹوٹل |

## Saeeda Wajahat Clinic

Saeeda Wajahat Clinic is the only organization of its kind where all medical services of the same standard are provided for free to the wealthy and the impoverished under the supervision of qualified MBBS doctors. This organization offers General Physician, Gynecology and Obstetrics, Ultrasound, and Medical Laboratory services. Each month, more than 7,000 patients are helped here, praise be to Allah.




## میڈیکل کیمپ برائے قدرتی آفات

سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن کے زیرانتظام مختلف شعبوں میں میڈیکل کیمپ لگائے جاتے ہیں جیسے پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاری کی وجہ سے بہت سی بیماریاں پیدا ہو رہی تھیں۔ اس موقع پر سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن کی جانب سے بروقت پاکستان کے مختلف شہروں میں میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا اور کوالیفائڈ ایم بی بی ایس ڈاکٹرز کی زیرنگرانی تمام سہولیات مفت مہیا کی گئیں۔ اس کے علاوہ وبائی امراض کے دوران بھی مختلف علاقوں میں کیمپس لگائے جاتے ہیں۔ جیسے ڈینگی، کرونا وغیرہ شامل ہیں۔

## Medical Camp for Natural Calamities

Under the management of Saeeda Wajahat Foundation, medical camps are organised in various fields, such as when many diseases arose in Pakistan as a result of the devastation caused by floods; on this occasion, medical camps were organised by Saeeda Wajahat Foundation in different cities of Pakistan and all facilities were provided free of charge under the supervision of qualified MBBS doctors. In addition, camps are established in various regions during epidemics such as Dengue, Corona, etc.



# سعیدہ وجاہت اکیڈمی

سعیدہ وجاہت اکیڈمی میں خواتین کیلئے مختلف کورسز کروائے جاتے ہیں جس کا مقصد خواتین کوخود مختار بنانا ہے تا کہ وہ چادر اور چار دیواری میں رہ کر باعزت طریقے سے اپنا اور اپنے گھر والوں کا سہارا بن سکیں۔اس مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے خواتین کیلئے درج ذیل کورسز کروائے جا رہے ہیں۔

- ڈریس میکنگ
- گرافک ڈیزائنگ
- ڈیجیٹل مارکٹنگ
- ویڈیو ایڈٹنگ
- کوکنگ کورسز

## Saeeda Wajahat Academy

At the Saeeda Wajahat Academy, numerous courses are offered to women in an effort to empower them so that they can support themselves and their families in a dignified manner while residing within four walls. With this goal in mind, the following courses are being offered to women.

- Dressmaking
- Graphic Designing
- Digital Marketing
- Video Editing
- Cooking




## ہیلتھ اینڈ فٹنس ورکشاپس

اس مہنگائی کے مشکل دور میں جہاں دوسری تمام سرگرمیاں تقریباً ختم ہو چکی ہیں اور بہت سی خواتین سارا دن گھر کے کام کاج میں وقت گزار دیتی ہیں اور اپنی ذہنی اور جسمانی صحت پر توجہ نہیں دیتی جس سے عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ گھروں میں لڑائی جھگڑے کا تناسب بہت حد تک بڑھ چکا ہے یہ لڑائی جھگڑے نہ صرف گھر کا ماحول خراب کرتے ہیں بلکے بچوں پر بھی غلط اثر ڈالتے ہیں ماہر صحت کے مطابق اچھے ماحول کی تبدیلی ذہنی اور جسمانی نشو ونما پر بہترین اثر ڈالتی ہے اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن خواتین کے لیے مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کرتا رہتا ہے فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تقریباً ہر ماہ یوگا کلاس اور ذہنی صحت کے مطلق ورکشاپس کروائی جاتی ہیں۔

## Health and Fitness Workshops

In this difficult period of inflation, when almost all other activities have disappeared, many women devote their entire day to housekeeping and neglect their mental and physical health. Due to this, it is commonly observed that the proportion of domestic disputes has increased significantly. These conflicts not only degrade the home's atmosphere, but also have a negative impact on the children. According to health professionals, a change in environment has the greatest impact on mental and physical growth. With this in mind, the Saeeda Wajahat Foundation continues to organize various activities for women. The foundation hosts yoga classes and seminars on mental health nearly every month.



# سعیدہ وجاہت سپورٹس کلب

آج کل کے موجودہ حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے جس میں بچوں کی Physical سرگرمیاں بالکل ختم ہوچکی ہیں اور بچے موبائل میں اپنا زیادہ وقت ضائع کرتے ہیں جو کہ بچوں کی ذہنی اور جسمانی نشوونما کو متاثر کررہا ہے۔اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن نے 4 سال سے 12 سال تک کے بچوں کے لیے کراٹے کلاس کا آغاز کیا ہے جس میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے مختلف قسم کے مقابلے اور انعامات دیئے جاتے ہیں۔ بچے اس میں اس قدر دلچسپی لیتے ہیں کہ وہ ہر روز بلاناغہ کراٹے سیکھنے کے لیے آتے ہیں الحمدللہ ادارہ بچوں کو ٹریننگ، یونیفارم اور اس سے متعلق تمام تر سہولیات بالکل مفت مہیا کرتا ہے۔

## Saeeda Wajahat Sports Club

Considering the present scenario, in which children's physical activities have completely disappeared and they spend more time on their mobile phones, is detrimental to their mental and physical development. Keeping this need in mind, the Saeeda Wajahat Foundation has initiated karate classes for children ages 4 to 12 in which various competitions are conducted and children are awarded prizes to encourage them. Children are so enthusiastic about learning karate that they attend classes every day without hesitation. The organization provides free training uniforms and all related equipment to children, all praise to Allah.

















## میڈیکل کیمپ وبائی امراض

ہر سال گرمیوں کے مہینے میں ڈینگی بہت بری طرح سے لوگوں کو متاثر کرتا ہے موجودہ آبادی اور ہسپتالوں میں وسائل کی کمی کی وجہ سے بہت سے لوگ اپنا علاج کروانے سے محروم رہ جاتے ہیں اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن ہر سال ڈینگی سے متاثرہ مریضوں کے لیے کیمپ کا انعقاد کرتا ہے الحمدللہ جس میں مریضوں کو کوالیفائیڈ MBBS ڈاکٹرز کی زیرنگرانی میڈیکل کنسلٹنسی کے ساتھ لیب Test اور ادویات بھی بالکل مفت دی جاتی ہیں۔

## Medical Camp for Epidemics

Dengue affects individuals severely every year during the summer. Due to hospital overcrowding and a lack of resources, many individuals are unable to receive treatment. With this in mind, the Saeeda Wajahat Foundation hosts an annual retreat for dengue patients. In addition to medical consultation, patients receive complimentary lab tests and medications, praise be to Allah, under the supervision of MBBS-qualified physicians.



## آوٹ ڈور میڈیکل کیمپ

سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن مختلف علاقوں میں میڈیکل کیمپس کا انعقاد کرتا رہتا ہے۔ جس کا اصل مقصد دور دراز میں رہنے والے ایسے لوگ جن کو میڈیکل لیب کی سہولت میسر نہیں ہوتی اور وہ اپنے جسم میں موجود بیماریوں کی تشخیص کے لیے ٹیسٹ نہیں کروا پاتے اور وہ بیماریاں صرف لیب کی سہولت نہ ہونے کی وجہ سے حاوی ہو جاتی ہیں اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن مختلف دور دراز کے علاقوں میں کیمپس کا انعقاد کرتا ہے اور وہاں شوگر، ہیپاٹائٹس، معدہ کے امراض، الرجی وغیرہ کے مریضوں کے مفت ٹیسٹ کے ساتھ ساتھ ادویات بھی دی جاتی ہیں۔

## Outdoor Medical Camp

Saeeda Wajahat Foundation continues to host medical programs in various locations. Its primary objective is to assist people living in remote areas who lack access to medical lab facilities and are therefore unable to undergo diagnostic tests for diseases that would have otherwise persisted but for the lack of lab facilities. Keeping this need in mind, the Saeeda Wajahat Foundation organizes camps in various remote areas, where free tests for diabetes, hepatitis, gastrointestinal diseases, and allergies, among others, are conducted and medications are distributed.




## سعیدہ وجاہت واٹر پراجیکٹ

حدیث نبویؐ ہے جس کا مفہوم ہے ''صدقہ جاریہ میں بہترین صدقہ پیاسے کو پانی پلانا ہے۔''

آج کے اس جدید دور میں بھی پاکستان کے بہت سے ایسے علاقے ہیں جہاں لوگوں کو پینے کا پانی میسر نہیں ہے۔ لوگ بارش کا پانی ایک تالاب میں اکھٹا کرتے ہیں اور اس پانی سے اپنی ضروریات پوری کرتے ہیں اس تکلیف دہ عمل کو مدنظر رکھتے ہوئے سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن کی جانب سے پاکستان کے مختلف علاقوں میں واٹر ہینڈ پمپس لگائے جا رہے ہیں جس سے وہاں کے رہنے والے لوگوں کو پینے کے لیے صاف پانی میسر ہوتا ہے۔

## Saeeda Wajahat Water Project

There is a hadith attributed to the Prophet Muhammad (peace and blessings of Allah be upon Him) that states, "The best of the perpetual charity is giving water to the thirsty."

Even in the modern era, there are numerous regions of Pakistan where people lack access to potable water. People collect rainwater in a pond and use it to meet their requirements. In light of this arduous procedure, the Saeeda Wajahat Foundation is installing clean drinking water hand pumps in various regions of Pakistan to supply the local population with potable water.




## ورکرز کی حوصلہ افزائی

سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن کی کامیابی میں اللہ کی مدد سے سب سے بڑا کردار ان تمام ملازمین کا ہے جو یہاں کام کرنے کو نوکری کی بجائے عبادت سمجھتے ہیں ان تمام ورکرز کی ان تھک محنت اور دلی جذبے کی وجہ سے یہ ادارہ دن رات ضرورت مندوں کی خدمت کر رہا ہے۔ چونکہ فاؤنڈیشن کا بنیادی کام ضرورت مند لوگوں کی مدد کرنا ہے اس لیے اس کا آغاز ادارہ اپنے ورکرز کی حوصلہ افزائی سے شروع کرتا ہے۔

## Motivation of Workers

With Allah's assistance, the greatest contributors to the success of Saeeda Wajahat Foundation are the employees who view their work as worship rather than a job. The organization serves the disadvantaged day and night as a result of the tireless effort and sincere dedication of all its employees. Since the foundation's primary objective is to aid those in need, the organization begins by inspiring its employees.




## سعیدہ وجاہت سپورٹس کلب

سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن ایک ایسا فلاحی ادارہ ہے جو نوجوان نسل کی فنی تربیت، اصلاح، صحت وتندرستی پر سرگرم عمل ہے ادارے میں مفت فنی تعلیم کے ساتھ ساتھ مفت طبی سہولیات فراہم کی جاتی ہیں یہ اپنی نوعیت کا منفرد ادارہ ہے بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں نوجوان نسل کے لیے بنیادی سہولیات کا فقدان اور رہنمائی نہ ہونے کے برابر ہے۔ادارے نے اس امر کو بڑی شدت سے محسوس کیا اور سوچا کیوں نہ نوجوانوں کی اصلاح کی جائے۔ مگر کیسے؟ کھیل اور کھلاڑی کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہوتا ہے بس یہی سوچ ادارے کو کرکٹ کی طرف مائل کرگئی۔ سعیدہ وجاہت کرکٹ کلب اس ہی کی ایک کڑی ہے ادارے کا مقصد علاقے کے نوجوان لڑکوں کو کرکٹ کی بہترین تربیت مفت فراہم کرنا ہے تاکہ وہ کھیل کے ہنر کو مزید بہتر بناسکیں۔ اور آنے والے وقت میں ملک اور قوم کا نام روشن کرسکیں۔

## Saeeda Wajahat Sports Club

The Saeeda Wajahat Foundation is a humanitarian organization committed to the technical training, development, health, and well-being of the younger generation. The organization provides free medical facilities and free technical education. This organization is the only one of its kind. Unfortunately, our society lacks fundamental resources and guidance for the youth. The organization felt strongly about this and reasoned, why not reform the youth? What then? The sport and its participants have a close relationship, and it was only with this in mind that the organization decided to pursue cricket. Saeeda Wajahat Cricket Club is connected with it. The purpose of the organization is to provide free cricket training to the area's young males so that they can hone their skills and one day bring honor to the country and the nation.



## دسترخوان

سعیدہ وجاہت فاؤنڈیشن کی جانب سے رمضان المبارک کے مہینے میں ہسپتالوں، مساجد، روڈز اور مستحق لوگوں کو فی سبیل اللہ کھانا کھلایا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ مستحق لوگوں میں راشن بھی تقسیم کیا جاتا ہے۔

## Dastar Khawan

During the fortunate month of Ramadan, the Saeeda Wajahat Foundation distributes free food to the needy in hospitals, mosques, and on the streets, as well as rations.

Thank you

# REGISTRATION AND AFFILIATIONS


REGISTRATION CERTIFICATE


PUNJAB SKILLS DEVELOPMENT AUTHORITY


A.T WASTE MANAGEMENT

Membership Certificate

This certifies that

Saeeda Wajahat Foundation

is our registered member

Scanned with CamScanner


PUNJAB HEALTHCARE COMMISSION

REGISTRATION CERTIFICATE

This is to certify that

Saeeda Wajahat Foundation Clinic

House No. 38, Street No. 43 Mohallah Karama Abad Pakki Thatti Samanabad, Lahore

Director

Scanned with CamScanner

PSDA

SAEEDA WAJAHAT FOUNDATION

SWF

SAEEDAWAJAHATFOUNDATION